سیرتِ نبی رحمتِ دو عالم ﷺ پر
معروف ترین وقدیم ترین مُستند کتاب کا اُردو ترجمہ

سیرت النبی ﷺ

ابنِ ہشام



تالیف

محمد اسحاق بن یسار المطلبی المدنی

المتوفی ۱۵۱ھ

ابو محمد عبد الملک بن ہشام المعافری

المتوفی ۲۱۸ھ

مترجم

مولانا قطب الدین احمد صاحب محمودی



اسلامی کتب خانہ

وَمَا اَرْسَلْنَاكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ

سیرتِ نبوی (صلی اللہ علیہ وسلم) کا بیش بہا خزانہ

سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم

ابنِ ہشام

حصہ اوّل

مُصنّف

محمد عبدالملک ابنِ ہشام

مُترجم

مولوی قطب الدین احمد صاحب محمودی (کاملِ تفسیر)

سابق لیکچرار چاؤگھاٹ کالج بلدہ

ناشر

اسلامی کتب خانہ

فضل الٰہی مارکیٹ

چوک اردو بازار، لاہور

فون : 042 - 7223506

نام کتاب	....	سیرت ابن ہشام ﴿ حصہ اوّل ﴾
مصنف	....	محمد عبدالملک ابن ہشام
مترجم	....	مولوی قطب الدین احمد صاحب محمودی (کامل تفسیر) سابق لکچرار چاؤ گھاٹ کالج بلدہ
ناشر	....	حاجی ممتاز احمد (اسلامی کتب خانہ اردو بازار لاہور)
مطبوعہ	....	لعل سٹار پرنٹرز

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ

بیان سلسلۂ نسب پاک محمد ﷺ سے آدم علیہ السلام تک

ابو محمد عبدالملک بن ہشام نحوی نے کہا کہ یہ کتاب رسول اللہ ﷺ کی سیرت ہے' کہا کہ محمدؐ بن عبداللہ بن عبدالمطلب اور عبدالمطلب کا نام شیبہ تھا' ابن ہاشم اور ہاشم کا نام عمرو تھا' ابن عبد مناف' اور عبد مناف کا نام المغیرہ تھا' ابن قصی اور قصی کا نام زید تھا' ابن کلاب ابن مرۃ بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر بن مالک بن نضر بن کنانۃ بن خزیمۃ بن مدرکۃ اور مدرکۃ کا نام عامر تھا ابن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان بن اُدّ اور بعضوں نے ادد کہا ہے۔ ابن مقوم بن ناحور بن تیرح ابن یعرب بن یشجب بن نابت بن اسمٰعیل بن ابراہیم خلیل الرحمٰن بن تارح' تارح کا نام آزر تھا ابن ناحور بن ساروح بن راعو بن فالخ بن عیبر بن شالخ بن ارفخشد بن سام بن نوح بن لامک بن متوشلخ بن خنوخ اور عرب کے ادعا کے مطابق یہی ادریس ہیں واللہ اعلم اور یہی ادریس آدم کی اولاد میں پہلے شخص ہیں جن کو نبوت عطا ہوئی اور جنھوں نے لکھنے کی ایجاد کی ابن یرد ابن مہلیل بن قینن بن یانش بن شیث بن آدم صلی اللہ علیہ وسلم۔

ابو محمد عبدالملک بن ہشام نے کہا کہ محمد بن اسحٰق المطلبی کی روایت سے زیاد بن عبداللہ بکائی نے یہ باتیں ہم سے بیان کی ہیں۔ جن کو میں نے محمد رسول ﷺ سے آدم تک کے سب کے متعلق اور ادریس وغیرہ کے متعلق بیان کیا ہے۔

ابن ہشام نے کہا کہ خلاد بن قرۃ بن خالد السدوسی نے شیبان بن زہیر بن شقیق بن ثور سے اور انہوں نے قتادۃ بن دعامہ کی روایت سے بیان کیا انہوں نے کہا کہ سلسلۂ نسب اس طرح ہے اسمٰعیل بن ابراہیم خلیل الرحمٰن بن تارح اور تارح کا نام آزر تھا ابن ناحور بن استرغ بن ارعو بن فالخ بن عابر بن شالخ بن ارفخشذ بن سام ابن نوح بن لامک بن متوشلخ بن اخنوخ بن یرد بن مہلاییل بن قاین بن انوش بن شیث ابن آدمؑ۔